انترہ پران ناتھ متہرا کو سدہارے میں ہوں اوپنے جاسی۔ ہر کوئی ایسا جتن بتاؤ پہچوں شیام کی پاسی اود ہو کہاں رہے برجباسی

انترہ تن میں پران چین نہیں پاویں نسدن رہوں اُداسی۔ پران ناتھ جبسے ہوے نیارے ہوں درشن کی پیاسی۔ اود ہو کہاں رہے

انترہ کر جوڑوں اور سیس نواؤں سنو شیام ابناسی کنور یہ کرپا کیجو سوامی تم گہٹ گہٹ کے باسی اود ہو کہاں رہے برجباسی

راگ دیگر

اود ہو شیام بنے بے پیر۔ کیا کیجے تدبیر ٹیک

انترہ جبسے گئے میری سدہ نہیں لینی لگا جگر میں تیر۔ اب میرے منکو نہ سہاوے مرجہاوے سر پیر اود ہو شیام بنے بے پیر

انترہ سپنے میں بہی نظر نہ آویں ڈہرے نین سے نیر کنور پر بیت میں سن جولاوے ہو جاوے اکیر۔ اود ہو شیام بنے بے پیر

راگ دیگر

اود ہو ایسی ہر سوں کہیو جاے ہو جاے اود ہو ٹیک

انترہ بندرابن او آنند لالا سو مکٹ کانوں میں بالا اور گلے موتی کی مالا ہی چہپ

دکھلادو ہو - اودہو ایسی ہر سوں کہیو جاے ہو جاے اود ہو

انترہ جیسے تم ہنی یہ سنائی برج بنتا سب بدہ گنوائی لاج اپنی سب تیاگ کے

دینی رہی اور داسی چہاے ہو اودہو ایسی ہر سوں کہیو -

انترہ راس بلاس سبہی تم کینے اور برج کو سکھ نت دینی سب سکھیاں سکھ ہا تیاگ

دہیان تمہیں سے لائے ہو اودہو ایسی ہر سوں

انترہ بندرابن آنند بہوں ہیں تین لوک کے تن کے من میں سوی راب

برہ ہیں سوکہن لاگو کنج رہیں مرچہاے ہو - اودہو ایسی ہر سوں

انترہ اندر کوپ کیو با برج پر نکہا اوپر دہار اگرور - تمنے گرب جو اُسکا دہایا

گردہاری کہلاے ہو - اودہو ایسی ہر سوں

انترہ ناؤں تمہارا کنور کنہیا ہو تم سری بلرام کے بہیا اور شیام بنسی کے بجیا تنتی

بجاے ہو - اودہو ایسی ہر سوں

انترہ کنور تمہارا داس کہاوے سیس اپنا چرنوں میں نواوے داس بے

کرپا کیجے سوامی درشن دواب آے ہو - اودہو ایسی ہر سوں

راگ دیگر

جوبن دکھاوے پیارے - ٹیک

انترہ ایکا ایک پل میں بکل رہتی تو نہیں پاس ہمارے - جو تم آؤ چہپ دکھلاؤ

جاگیں بہاگ ہمارے - صورت دکھادے پیارے تو جاسن بانہہ براجا

ہم تابع ہیں تمہارے ساوں کیسی جہڑی لگادیں نندن نین ہمارے جوبن دکھادے پیارے انترہ

بابا یہی عرج سناوں اب مت رہیے نیارے - کنور کی چہا نندن کیجے بن بن پیارے صورت کہاوے

راگ دیگر

کر جوڑوں اور سیس نواؤں سنی نند کنوار - (ٹیک)

انترہ تم مالک سنسار کے داتا میں ہوں تابعدار - میں سیوک تو ہین تمہارا تم پورن اوتار   کر جوڑوں اور سیس نواؤں

انترہ نند کے لال برج کے پیارے جسمت کے دلدار - تو ہی سہا و برج کے بیچ سوا تو مالک سنسار -   لوگ اور پرلوگ کے راجا تو سب کا کرتار تو پیدا کرے اور تو پالے پھر تو ہی ڈالے مار - تیرا بھید بھید نہیں پاویں پایا تیری آپار

انترہ تیرا دھیان میں میں جولاوے من کے جانن ہار - من اسکا درپن بن جاوے دیکھے باغ بہار انترہ تیرا نام جپے جو سوہین دنیا میں نرنار - آواگون سے چھوٹے دوہی ہو بھوساگر پار - تیرے جوبن کی من موہن ہے دنیا میں بہار - آنکھوں میں یہ جوت کہاں ہے جو دیکھیں دیدار چرن کنول کا کنور آسرا رکھے نند کنوار - کر جوڑوں اور سیس نواؤں

راگ دیگر

بندرا بن انند بھون میں راس رچو گو بند (ٹیک)

انترہ گاویں راگ تہاں سکھیاں ساری ہو رہا ایک نند - بندرا بن آنند

انترہ ناچیں برجکی سکھیاں ساری اور ناچیں گو بند - بندرا بن آنند

انترہ برین چاندنی کھل رہی تارے پھوں کی وہ سوگند - بندرا بن آنند

انترہ ناچیں سب اور تال بجاویں ناچت آپ مکند - بندرا بن آنند

انترہ کسی گھونگھٹ مکھ سے کھولیں آپ سری گو بند - بندرا بن -

کسی کو اپنے انگ لپٹاویں پورن پر مانند۔ بندرابن انند بہوں ہیں

انترہ کنور تمہارا سیوک سوامیں رکہئے نت آنند۔ بندرابن انند

راگ دیگر

جوبن تیرا پیارا لاے تن میں پران

انترہ برجکی سکھیاں یوں کہیں بتیاں تم پرانوں کے پران۔ تم پیارے جب سے رہے نیارے ہم تجے ان گمان جوبن تیرا پیارا

انترہ تم بن من نے کل نہیں پائی بہول گئی اوسان۔ ڈہونڈ پہری بندرابن سارا ڈہونڈا ملک جہان جوبن تیرا پیارا

انترہ تیری چھب پیارے من بسیا۔ جیسے تن میں پران سیس نواویں سب تمہیں پیارے دہرتی کیا آسمان۔ جوبن تیرا پیارا

انترہ ۔ کنور کے سوامیں انترجامی میں تپر قربان

جوبن تیرا پیارا تن میں لای پران

راگ دیگر

آج سری بندرابن ماہیں راس رچو گوپال (ٹیک)

انترہ باجیں سب مردنگ جہانجہ ڈف اور باجیں کرتال۔ ناچیں برجکی سکھیاں ساری اور ناچیں نندلال۔ آج سری بندرابن

انترہ سب مل ناچیں منگل گاویں میٹھی بول سمہال۔ بین ستار یون شبد سناویں جے جے گوپال۔ آج سری بندرابن ماہیں

انترہ کہیں مرچنگ پریم رس بانی مرلی کرے بیحال۔ راس رچو گوپال

رسیھا کی سب کریں تو چہاور روپ جوبن دہن مال آج سری بندرابن

انترہ کومل انگ کنگن سون چمکیں جوپہولوں کی ڈال آج سری بندرابن

انترہ پڑے تاپ طبلوں کی اوپر من پھینیے کرتال آج سری بندرابن

انترہ چاند جھومر کے سنکو موہیں برج بنتال کے بہال آج سری بندرابن

انترہ سب سکھیوں کے سنگ ہیں ناچین دینا ناتھ دیال آج سری بندرابن

انترہ مورمکٹ ہیمبر سوہے گل پہلوں کی مال آج سری بندرابن

انترہ سکھیاں ناچیں کر بل کھاویں پاؤں گھنگروڈال آج سری بندرابن

انترہ سرتزمن کے منکو موہیں سری جسمت کے لال آج سری بندرابن

انترہ کنور - بھجو تم یارم یارا ہیں وے دین دیال

آج سری بندرابن ماہیں راس رچو گوپال

راگ سورٹھہ

رہو سدا میرے من ماہیں پیارے نند کنوار ٹیک

انترہ سبونین انترجا ہیں منکے جانن ہار - تم سکھدیو سب لایک تیرا روپ اپار

رہو سدا میرے من مائیں پیارے

انترہ تین لوک میں شیام تمہاری ہورہی جےجے کار - کرپا کیجے عرج سن لیجے من میں کرکے بچار

رہو اسدا میری من ما ہیں پیاری

انترہ بندرابن گون نکیجے تھراست پک دہار - نند کے لال جگت کے پیارے تم برج کے سردار - رہو سدا میرے من ما ہیں پیارے

انترہ تم برج باسی ہوا نبا سی بیدنا پاویں پار - سسر اور اشر

سبھی تمہیں دہاویں دہاویں سب نرنار رہو سدا میرے

انترہ سنکادک تیرا پار نپاویں توکر ہے۔ نندلالا جگت کے پرت پالا

ہایا اپرم پار۔ رہو سدا میرے من ماہیں

انترہ کنور آپ کے چرن کا سیوک تم پورن اوتار

رہو سدا میرے من ماہیں پیارے

راگ سورٹھ

آج پوری دوارکے ماہیں گاویں منگل چار

انترہ کوئی گاوے کوئی تال بجاوے بج رہے ہیں ستار

کرت نرت اپچھرا سیانی نوپر کی جھنکار

آج پوری دوارکے ماہیں

انترہ چندر بدن مرگ لوچن ناریں گاویں راگ سنبہال امرت سول

سنوہر بانی ہو رہے جے جے کار۔

آج پوری دوارکے ماہیں

انترہ گاویں راگ مدہر مردبانی سب ملکے نرنار۔ تورانی رکمن نہارانی

تیری جوت اپار۔ آج پوری دوارکے

انترہ تین لوگ میں تیری ماتا ہو رہی جے جے کار۔ بڑے تہاپ طبلوں

کے اوپر نوبت کی جھنکار +

آج پوری دوارکے ماہیں

انترہ کنور پہ چہا کیجئے سوامی رکمن کے بہرتار۔ آج پوری

بسنت بہار

مدہ ماتی کویلیا ڈار ڈار - مورے انگنا میں بولت بار بار

انترہ برہن کے بدن پہ مدن جورت تار پہ دی ماری کرت شور ہیں

تاپ تاپ کرت بہورے - موری ورگند ہی جل و بار دہار - مدہ ماتی کویلیا

مورے انگنا میں بولت بار بار

ملار تصنیف منشی کنور سین صاحب متخلص عزیز

جہولا کن ڈالو تال کنارے (ٹیک)

رم جہم رم جہم میہا برسے جُہک رہے بادر کارے جہولا کن ڈارو تال

انترہ رادہے جہولیں کرشن جہولاویں ہو رہی جے جے کارے - جہولا

انترہ گاویں راگ سری رادہے رانی اُنسن موہن پیارے - جہولا کن ڈالو

انترہ بنسی بول مدہر سہاوے تال مردنگ نیارے - جہولا کن ڈالو

انترہ دادر اور پپیہا بولے بن میں مور جہنکارے - جہولا کن ڈالو

انترہ ندیاں جاری اور پہلواری چہوٹ رہے سب بہوارے - جہولا کن ڈالو

انترہ کویل پیت کی ریت سے آگے تو ہی تو ہی سیام پکارے - جہولا کن

انترہ برج بنتا اور سری نند لالا جیسے چاند اور تارے - جہولا کن ڈالو

انترہ جہولا جہولیں سکھیاں ساری اور برج راج پیارے - جہولا کن ڈالو

انترہ مور مکٹ پیتمبر سوہے گہنے نیارے نیارے - جہولا کن ڈالو

انترہ تیرے روپ انوپ کی پیارے ہیں سب میں جہلکارے - جہولا کن

انترہ کنور پہ کرپا کیجے سوامیں ہیں ہم داس تمہارے - جہولا کن ڈالو

ملار دیگر

روپ تیرا موہے من میرا۔ تو تن میں میری جان (ٹیک)

انترہ چھپ تیری پیارے کرشن جی ہے پرانوں کی پران روپ تیرا

انترہ مور مکٹ پیتا بر ہر لینے اوسان روپ تیرا موہے

انترہ جوبن پر تیرے شیام جی ہے قربان جہان روپ تیرا

انترہ انکھ رسیلی تیری مدہ بھری بھونہہ تیری ہے کمان روپ تیرا

انترہ کنور ہے سیوک تیرا کرشن جی چرن تیرے ہر آن روپ تیرا

ملار دیگر

روپ نے تیرے میرا من موہا۔ من موہا مہاراج

انترہ من بانا بالا جوبنا چھب دکھلا دو آج روپ نے تیری

انترہ چندر بدن کومل گات تم میرے سر کے تاج روپ نے تیرے

انترہ کندن پور پچھو سا ہیں جے آپ گریب نواج روپ نے تیرے

انترہ مور مکٹ پیتا مبر تم راجا مہاراج روپ نے تیرے

انترہ بان لگا کاری عشق کا لگ گیا دل بیچ آج روپ نے تیرے

انترہ دیکھوں میں سیاں تیرا جوبنا چھب بھاری مہاراج روپ نے تیرے

انترہ میری عرج سوامی اب سنو سن لو سری برجراج روپ نے تیرے

انترہ کندن پور پیاری بیگ آ رکھ رکمن کی لاج روپ نے تیرے

انترہ کندن پور سوامیں اب جلو رکھ لو کنور کی لاج روپ نے تیرے

من موہا مہاراج روپ نے تیرے

ملار

اُمنڈ گھمنڈ آ ئی کاری بدریا

انترہ چھاے رہی سیاں نگریا جبسے گئے موری سدہ نہ لینی
یوہیں بیتی موری ساری عمریا اُمنڈ گھمنڈ گھر آئی

ملار دیگر

شیام بن گھٹا سیام نہیں بہاوے

انترہ گھن گرجیں لرجیں جیا کا من - تا پر مدن ستاوے بیرن کویل
بولت لنسدن - چاترگ سبد سناوے - شیام بن گھٹا سیام

ملار دیگر

سکھی آؤ جھولا جھولیں ری

انترہ میہا برسے بجلی چمکے بدرا گرجے ری - سکھی آ و جھولا
انترہ کویل بولے باغ میں اور بھونرا چھنگاریں ری - سکھی آؤ
انترہ پون چلت ہے ٹھنڈی ٹھنڈی پپیا بولیں ری
سکھی آؤ جھولا جھولیں ری

ملار دیگر

بجلی چمکے ڈر موے لگے اُمڈے وربادل سیام گھٹا

انترہ لکھ لکھ پتیاں بھیجوں نند کو - پا بخت پاتی چھر آئی اٹا
سبھی سنگار اُتارونگی - ہونگی بیراگن کھول جٹا
بجلی چمکے ڈر موے لگے

ملار دیگر

بدرا امڈے بدری چھائی یا پیّاپی پی رٹا رٹا - بدرا امڈے

انترہ برکھارت تو آئی سجنی پیا بن جیارا جاے پھٹا

اب کا پے سنگار کروں تو بتا موری نینک نہ بیرن بہاے گھٹا

بدرا اُمنڈے بدری چھائی

انترہ انگ بھبوت مل ڈھونڈن نکسی سیس بڑاے لئے ہیں جٹا

انترہ رسیا - کارن بھی بیراگن جوبن دن دن جاے گھٹا

بدرا اُمڈے بدری چھائی

ملار دیگر

اود ہو سیام گھٹا گھر آئی

انترہ جبسے گئے موری سدھ ہو نہ لینی - ایسی ہرائی اب جیا ہیں سمائی

پیارے سیام گھٹا گھر آئی

انترہ آپ تو جاے ریچھے کبری پر - اودھو تنک لاج نہیں آئی

پیارے سیام گھٹا گھر آئی

ملار دیگر

جھولا کن ڈالو ورے امرییاں

انترہ رین اندھیری تال کنارے سور لا جھنگاریں بادل کارے

بوندیاں پڑیں پھیاں پھیاں

جھولا کن ڈارو رے امرئیاں

ساون ویس

ساون گہن گرجے گہوم گہوم - برست سیس جل بہوم بہوم
انترہ کویل کیر کو کلا بولیں ہنس چکور چوہوں ڈولیں - ناچت بن ات کرت
کلولیں - مور مورنے چوم چوم
ساون گہن گرجے گہوم گہوم
انترہ گاویں راگ راگنی بہادن - دیک رہے ما نو چہب داسن
جہونٹا دیت ریٹ گج بامن - پایل باجے جہم جہوم جہوم
ساون گہن گرجے گہوم گہوم
انترہ جے جے کرت سمن سر برکہت - اندر فسان بجاوت ہر کہت
داس گنیش جگل چہب نرکہت - چہاسے رہو سکہ روم روم
ساون گہن گرجے گہوم گہوم

ملار مصنفہ دیبی داس

امنڈ گہمنڈ برست بدرا ری - گہن گرجت ات گہور - مائی بن بولن لاگے مور
انترہ چمک چمک دامن ڈرپاوت لرجت ہے جیا مور - سونی سیج رین
اندہیاری بدن جناوت جور - کہت پکار بہال برہنی - سیدہ لے نند کشور
مائی بن بولن لاگے مور
انترہ جیسے جل بن بیں وکہت ہوئے - دہیان دہرت جل اور تیسے
دہیان رہت موسے ہرسوں - جیسے چندر چکور ۔
مائی بن لوگن لاگے مور

انترہ تانی سے پرین بجائی ۔ بندرا بن کی اور دیبی داس
کرشن رادہا کے چرنن لاگی ڈوڑ مائی بن بولن لاگے مور

ملار دیگر

پیا بن جیارا ترسے ۔ کوئی جائے کہو اُن سے ۔ اے سکہی پیا بن جیارا
انترہ بولت مور شور رات بہاری ۔ کوکت کویل کاری ۔ جہینگر جہین جہین
جہیں جہیں جہنگارین ڈر لاگت دادر سے
پیا بن جیارے

انترہ کاری پیری گہومری گہوباری گہٹا چہائی حقیر پیا نے سدہ
بسرائی ۔ اُمنڈ گہمنڈ گہر آئے بدرا ۔ رم جہم میہا برسے
سکہی پیا بن جیارا ترسے

ملار دیگر

ہو مجہری رات کاری ۔ سیاں بن لاگے بوند کٹاری ۔ ہو مجہری رات
پیا بن لاگے بوند کٹاری
انترہ گہن اندر گہن باہر ٹہاری ۔ گہن گہن چڑت اٹاری
ہو مجہری رات کاری
انترہ ایک تو مروں ہیں برہا کی ماری ۔ دوجے ٹہنڈی ٹہنڈی
سانس بہروں تہی ۔ بہلرنگ پیا کہندی کہندہاری ہو مجہری
پیا بن لاگے بوند کٹاری

ملار دیگر

ملار — موری پاتی لیتا جائیو

انترہ سن رے تپگوا پپیا مورے - توری چونچ مڈھا دونگی سونے سے

مورے پاتی لیتا جائیو

(ملار دیگر) چمک چمک گھر آئی بدریا - دامن نکت کوند کوند

انترہ سوہے سیس پچر واڈار وئی - نائی اختر نین چوند چوند

چمک چمک گھر آئی بدریا

ملار دیگر

مورو تورنگ جوبن نو بہار سوہے برسات بار یار

انترہ ایک تو بارے بنت کی دوجے برہن اپنے کنت کی تیجے کویل

امبھ ڈار - چوتھے پاپی پپیا کرے پکار - مورا تورنگ جوبن نو بہا

ملار دیگر

بانکی ادا تیری لگئی نینوں میں آ رے

انترہ بیر کٹھن پیارے عشق کی یہ دکھ سہا ہی نجائے - بانکی ادا تیری

انترہ دھیر دھروں کیسے شیام بن دیجو آپ بتائے -

جب گئے سوامی پاس سے سدھ نہیں لینے آئے -

بانکی ادا تیری لگئی

انترہ کنور پہ سائی کرپا اب کرو رہے سدا سہائے

انکی ادا تیری لگئی

انتخاب خیال مرہٹی بنارسی گر

یہ نندلال جبدھا کو ڈولا رو کنہیا		لیگو سکھی ری میرے دودھ کی ماتھنیا
سن سکھی ایک دن کانھہ میرے گھر آیا		دودھ گورس دے وہلکائے اور ماکھن کھایا
دودھ کی ماتھنیاں ہاتھ میں لیکے دہایا		میں دیکھا چوری کرت پکڑ بہلایا
اُن پہاڑ وہیرا چیر ہیں توری بتیاں		لیگو سکھی ری میرے دودھ کی ماتھنیا
وہ کشتم کشتا مجھ سے کرنے لاگا	۲	سنتہا ہی لیگیا ہاتھ چھوڑا کر بہاگا
اتنے میں ہو گیا بہور سسر گھر جاگا		پت نے مجکو ایک لنک لگا کرتیا گا
ڈرساس نند کا ہمسے لگے جہٹیاں		لیگو سکھی ری میرے دودھ کی ماتھنیاں
سن سکھی سیام ہتنی کیونکر پاؤں	۳	موسے مانگت آوے لاج بہت سکھیاؤں
ہے نیانہ جانئے سنکہہ شتر پاؤں		دوری سے نت کہت دیکھ للچاؤں
سکھہ دہر کے بنسی بجاوے تان رس بھیا		لیگو سکھی ری میرے دودھ کی ماتھنیاں
وہ سندر سانورا میری نظر جب آوے	۴	پلکوں سے تارے سین نین مٹکاوے
بنسی میں موہنی ڈال مجھے للچاوے		ایک نظر دکھا کے تن من ہر لیجاوے
ہے برج میں اچپوڑ وہ چپل چکنیاں		لیگو سکھی ری میرے دودھ کی ماتھنیاں
ماتھے پر چندرمان مور مکٹ براجے	۵	کانوں میں کنڈل کر مرلی براجے
ایک بڑی ناک بلاق ادہک چھب ساجے		سانوری صورت پر زرد پتیا مبر راجے
کٹ کن کن باجے پگ براجے بچھیاں		لیگو سکھی ری میرے دودھ کی ماتھنیاں
بھولا لکھہ بھولی بتیاں لگی پیاری	۶	من چاہے چیت پریم راہ رس نیاری
کوبن کے لگن سے مگن ہوی گردھاری		کہیں دیبی سنگہ میں کرشن تیرے بلہاری

دن رات جہارا دہیان دہرے ہی دینیاں ۔ لیگیو سکہی ری میر دودہ کی ماٹھیاں

خیال دوسرا

ہم تیرے عشق میں یار بہت دن بھٹکے ۔ اب ملا ہمیں تو صنم کہلے پٹ کہٹ کے
کئی بار گیا سر ہیر عشق میں کٹ کے ۔ پھر پایا ہمنے نام تمہارا رٹ کے
کئے رنج و الم منظور ذرا نہیں ٹہٹکے ۔ دکہی وحشت سب لگی جہٹ جہٹ کے
کئی لاکھ وضع کے دیے ہیں تونے جہٹکے ۔ اب ملا ہمیں تو صنم کہلے پٹ کہٹ کے
جب وقت تری وہ زلف ناگنی لٹکے ۔ کوئی ادہر سے ہو جالئے اودہر اودہر سے جھٹکے
گر دیکہے کالا ناگ تو سر کو ٹیکے ۔ چہڑ جاسے زہر زلفوں کو وہ گہر گہٹکے
ہم عاشق ہیں مجذوب کہاں جائیں، ٹہٹکے ۔ اب ملا ہمیں تو صنم کہلے پٹ کہٹ کے
لیلے سے لگا یا دل مجنوں نے ڈٹ کے ۔ تن بدن پایا سب کاٹ اسی سے اٹکے
سولی پر چڑہ منصور اسی پر لٹ کے ۔ نہیں ذرا نوک سولی کی جگر میں کہٹکے
دیکہا جو تجہے دل گیا جہاں سے پہٹ کے ۔ اب ملا ہمیں تو صنم کہلے پٹ کہٹ کے
اب کہلے کوا رے بار کپٹ کے پٹ کے ۔ دلمیں پاؤ دیدار وہ من سے ہٹ کے
سر مور مکٹ کٹوہ سے زری کے ٹیکے ۔ کہیں دیپی سنگہ ہیں عجب کہیل نٹ کٹ کے
کہیں بنارسی ہم عاشق ناگر نٹ کے ۔ اب ملا ہمیں تو صنم کہلے پٹ کہٹ کے

خیال تیسرا

اس جہاں میں آکر وہ ہی شخص جیتا ہے ۔ جو جیتے جی مر جاوے وہ ہی جیتا ہے
سن اک برہم کو سٹ گہٹ جانے ۔ جو کوئی برا کہہ جاوے برا نہیں مانے
کر بہجن بھجے اس مایا کو ا بہمانے ۔ انتر آتم میں رام رام پہچانے

سن یہی کام پہلاد بھگت کیتا ہے
دہرو جی تیاگا سب راج مارکے ہنسکو
دن رات لگا کر دہیان بھجو بھگوانا
تج سوتا یا جو رام نام لیتا ہے
پہلاد بھگت نے اپنا جب اُس بارا
نرسنگہ روپ سری نارائن نے دہارا
چہوں وید شاستر کہیں یہی گیتا ہے
سب کام چھوڑکے نام دہنی کا لیجے
کہے دیبی سنگہ ہر بھگت پر ہو جیجے
اب بنارسی ہر امرت رس پیتا ہے

جو جیتے جی مرجاے وہی جیتا ہے
کرسی لیکر اپدیش چلے گئے بن کو
اب مورکھ پرانی جیت چھوڑا بہانا
جو جیتے جی مرجاے وہی جیتا ہے
تو ہرناکش کا نام اُڑا ما سارا
نکہہ سے تی پہاڑا پیٹ اُسی سنگہارا
جو جیتے جی مرجاے وہی جیتا ہے
بن آدمی تو پر سوار تہہ سر دیجے
ہر ہر کہنے سے نہیں عمر کچھ چھیجے
جو جیتے جی مرجاے وہی جیتا ہے

خیال چوتھا

اس جگ میں جب لگ پار بساو
اس جگ میں مانگنا پاپ کی لوٹے
سسنا وہ مانگنا ڈبلے ہو گئے موٹے
اس نر کو مانگنا جو چاہے کہلاو
مرنا بہتر یہ بات بھول نہیں کیجے
جب جوگ پیتا بن اُس دم سب تجیے
ہے پورا موت کا وقت آنکھ شہراو
دل وبیل ہو یا ہووے سورما جی کا

مت کوئی کسی کے دوارے مانگنے جاو
ناگن گئے بل کے دوار رام بنے چھوٹے
ناگن کی برابر اور کرم نہیں کھوٹے
مت کوئی کسی کے دوارے مانگنے جاو
سب جاکے بڑین بوجھ و قرض لیجے
جب نر نے نکہہ سے کہا ہمیں کچھ دیجیے
مت کوئی کسی کے دوارے مانگنے جاو
جو جاے مانگنے ترت پڑے رنگ پھیکا

بعضی نہیں دیتے چیر نا م کولی کا — ماتھے پر اُسکے چڑھا کنک کا ٹیکا
دہرک جیون جگ میں اُسکا دید یو گاوی — مت کوئی کیسکی دوارے مانگنے جاوے

٤ جب غرض سندنے اپنی غرض گنوائی — کالا منہ کرکے گیا مانگتے بہائی
جو ہونے اسکی اُسنے راہ بتائی — اُسکے منہ پر پہر چہری عرش کی سیاہی
بہت مارا ہو کے پہر کے دلمیں پچہتاوے — مت کوئی کسی کے دوارے مانگنے جاوے

٥ جب وقت پڑے تو جا کے مانگنے سورے — ہو جاوے نمانے دودہی دلکی مغرورے
جو ہونگے وہی اشنابات کے پورے — اپنے سے زیادہ سمجہیں اُسکے ضرورے
پر سوارت کوئی بر لاسیں کٹاوے — مت کوئی کسکے دوارے مانگنے جاوے

٦ دنیا مَیں دنیا مردوں کا سو کہا ہے — دیکر پرائی نے انت پریم چہا کہا ہے
ہے برا مانگنا ویدوں نے بہا کہا ہے — اس جگ میں مانگنا کام کا متا کا ہے
تو مانگ کچھ پر بنا بہاگ نہیں پاوے — مت کوئی کسکے دوارے مانگنے جاوے

٧ یہ میری عرض تم سنو سیام سکہہ راسی — مت بہجو مانگنے مجہے کیسکے پاسی
اپنے گھر سے میری پوری کرو سب آسی — میری جتنی چہند کہیں دیہی سنگہہ خاسی
سالک کی میٹھی بانی سبہا من بہاوے — مت کوئی کیسکے دوارے مانگنے جاوے

خیال پانچواں

جو عشق کروگے جی سے گذر جاوگے — گر بچے تو پہر شہدائی کہلاوگے
ہم نہیں مست میں عشق کیا کرتے ہیں — سب اپنے خون کو آپ پیا کرتے ہیں
دن رات جگر کے زخم سیا کرتے ہیں — اُس یار کے ہاتھوں یار جیا کرتے ہیں
معشوق داغ داغ دیا کرتے ہیں — ہم تو بہی اُنکا نام لیا کرتے ہیں

تم کہاں تلک اب خون جگر کھاؤ گے		گر بیچے تو پھر شہدائی کہلاؤ گے
بینے تو اپنے دلپر یہ ٹھانی ہے		اب دیکھوں وہ دل کیسا تورانی ہے
حیران ہو اسکے غم میں حیرانی ہے		ہر شہر میں صحرا کی خاک چھانی ہے
اب اسکے عشق میں طبیعت ستانی ہے		اس پیارے کی کچھ مجھ سے مہربانی ہے
تم تابحشر تک نہیں اسے پاؤ گے		گر بیچے تو پھر شہدائی کہلاؤ گے
کچھ سہج نہیں ہے عشق بلا آفت ہے	۳	خون پینا کھانا زخم میری دعوت ہے
دل جان جگر سے اب میری اسکی الفت ہے		اب تو ہر دم اس پیارے سے صحبت ہے
دیکھا ہمنے مطلب کی سب خلقت ہے		آسان نہیں ہے عشق بڑی آفت ہے
اس کوچہ میں تم قدم اگر لاؤ گے		گر بیچے تو پھر شہدائی کہلاؤ گے
اب ہم تو سدا عشق میں پہنستے رہتے ہیں	۴	اپنے دلکو ہر وقت کسے رہتے ہیں
پیارے کی نظر کے بیچ بسے رہتے ہیں		اسکے کوچہ میں روز بسے رہتے ہیں
عاشق صادق اس گل سے بسے رہتے ہیں		کہیں وہی سنگہہ وہ سدا ہنستے رہتے ہیں
گر بنارسی کے ساتھ خیال گاؤ گے	قول	گر بیچے تو پھر شہدائی کہلاؤ گے
آسما سمجھکر زمین پے خاک اڑائی	۱	اور عیش سمجھکر کرتا پھروں گدائی
لیلے بنکر مجنوں کی صورت پائی		عزت کو سمجھکر اٹھالی ابروسوائی
منصور جانکر اپنی جان گنوائی		دیدار کی خاطر دارپے کری چڑھائی
سکھہ مانا میںنے دکھہ جو میری نلیاں		لامکاں سمجھکر پھرے یار کی گلیاں
گلزار سمجھکر خار جگر پر کھایا	۲	راحت کو سمجھکر رنج والم اٹھایا +
ہنس نے سمجھکر رونے کا تار لگایا		اور صبر کیا تو اپنا دل گھبرایا

نزدیک سمجھکر پڑے دور پہ آیا ۔ پایا تو جہاں میں اپنا ہے اپنا پایا
ٹھوکرے پاؤں کی ٹوٹی سبھی آنگلیاں ۔ لامکان سمجھکر پھرے یار کی گلیاں
کعبہ کو سمجھکر بیٹھے بت خانہ میں ۔ بستی کو سمجھکر بیٹھے ویرانے میں
زلفوں کو دیکھکر الجھا دل شانہ میں ۔ باتیں جو سنی تو پڑگئے غم کھانے میں
زندگی سمجھہ لی اپنا جی جانے میں ۔ وحدت کو سمجھہ مل پی لے پیمانہ میں
گر پڑے دوڑکر دلکو ہوئیں تلملیاں ۔ لامکاں سمجھکر پھرے یار کی گلیاں
مے سمجھہ کے پینے لگے اشک رو روکے ۔ اور ہوش سمجھہ بیہوش رہے ہم سوکے
سمجھے تھے نفع اب بیٹھے گا نٹھہ کا کھوکے ۔ بے سمجھہ ہوئے سر پہ پتھر ڈھو ڈھوکے
اکتائی حاصل ہوئی بھروسہ دوکے ۔ کہے بنارسی یہ خیال خوشی ہو ہوکے
اس گل کے واسطے اٹھائے سب کلیاں ۔ لامکاں سمجھکر پھرے یار کی گلیاں

خیال چھٹا

نور چشم جگر اور جان نہیں جانا نا ۔ پھر کیوں نہیں کہتا خدا جو تو ہے دانا
کس نے تجکو باندا ہے بنا جو بندا ۔ اور کون بیچ کا پڑا ہے تجھہ پہ پھندا
تو اپنے آپ تو دیکھ نہو مت مندا ۔ ہے کونسی وہ بدبو جو ہوا تو گندا
گر تو نے اپنے تئیں جسم نہیں جانا ۔ پھر کیوں نہیں کہتا خدا جو ہے دانا
یہ ہاتھ پاؤں اور سر بھی نہیں کچھہ تو ہے ۔ سینہ اور بازو پیٹ بھی نہیں کچھہ تو ہے
زنخا عورت اور نر بھی نہیں کچھہ تو ہے ۔ جن دیو پری پیکر نہیں کچھہ تو ہے
تو ہی سمجھیں اپنے آپ سمایا ۔ پھر کیوں نہیں کہتا خدا جو تو ہے دانا
رونا اور تڑپنا آہ نہیں کچھہ تو ہے ۔ منہ زباں چشم والد نہیں کچھہ تو ہے

کعبہ قبلہ درگاہ نہیں کچھ تو ہے — اور حرم کی بھی راہ نہیں کچھ تو ہے
مسجد بھی نہیں تو بناوہ بھی بتخانہ — پھر کیوں کہتا خدا جو تو ہے دانا
تقدیر اور پریشانی بھی نہیں تو ہے — آتش اور ہوا گل پانی بھی نہیں تو ہی
ارواح اور غلمانی بھی نہیں تو ہے — اِس جسم کی ذرا فنا بھی نہیں تو ہے
یہ بنارسی کا سمجھہ سخن مستانہ — پھر کیوں نہیں کہتا خدا جو تو ہے دانا

خیال ساتواں

گوالن سے کرشن جی کہیں ندہر بولی ہیں — یہ کہا چورا لے جاتے ہو تم چولے ہیں
کہیں یہ دودہ بیچن یہ کہا نسے گہڑی پائی — اسمیں موہی موتی تانک دین دکہائی
پہنت بچن تب تو گوالن مسکائی — اور لگی گالیاں دینے بہت رسائی
مت بولو ایسا بچن میری ٹولی ہیں — یہ کہا چور لے جات ہو تم چولی ہیں
پھر کہیں کرشن تم ہمکو تنگ دکہلاؤ — جو چوری نہیں ہر کری تو کیوں شرماؤ
یوں کہیں گوالین ہٹو اُدہر کو جاؤ — مت کرو ہنسی کی بات نا موہے لجاؤ
پھر کہیں کرشن اپنی بتیاں بہولی ہیں — تم کہا چور لے جات ہو تم چولی ہیں
اسوقت کرشن نے ایسی موہنی ڈالی — گوالن مدہ میں بھی چور نہ بولی چالی
سب کہول کے انگیا دیکہی بہالی — دونو کچ لیتی ہنسی بن مالی
نت ایسی لیلا کریں کرشن ہولی ہیں — یہ کہا ہے چور لے جات ہو تم چولی ہیں
تہی بہی اچہا گوالن کی کرشن ہلجاویں — اور پکڑ بھیاں موکو گلے لگاویں
کہیں دیہی سنگہ جو کرشن کی است گاویں — وہ جیتے ہی جی جیوں مکتی پاویں
کہیں بنارسی کیا ہے انگیا بولی ہیں — یہ کہا چور لے جات ہو تم چولی ہیں

خیال اٹھواں

ہے اوپر کون اور نیچے جسکی ڈوری   پانی بھرتیں پنہارن چورا چوری
ڈوری کے اوپر گہری چکر کہاوے   وہ مدہر مدہر دہن بولی موہے سہاوے
جبتلک وہ ڈوری کوئیں آوے جاوے   تب تلک کوان وہ نہیں سمع کہنے پاوے
اس کوئیں کے اوپر کھڑی ہزاروں گوری   پانی بھرتیں پنہارن چورا چوری

٢ منہ بند کوئیں کا ہے اور پانی درسے   وہ دیکھے جسکی ڈوڑ لگے ہے ہرسے
جب پنہارن کچھہ کام نہ کہیں برسے   تب امرت جل سے جھکیں جھٹیں سب ڈرسے
وہ نت اٹھہ گاگر بھریں بنی رہیں گوری   پانی بھرتیں پنہارن چورا چوری

٣ جب الٹا ڈول وہ جاکے تو پانی آوے   پھر سینچے اپنا باغ امر پھل کہاوے
ہے کاہے وہ ڈول اور کون بناوے   جو پورا جوگی ہووے تو موہے بتاوے
اوس کوئیں کے اوپر نہیں چلے برجوری   پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

٤ اس کوئیں پر گنگا جمنا سرسوتی ہے   اور بہادیوا بنا شنی پاروتی ہے
لو ناتھ چوراسی سدہ اور بال جتی ہے   نانا پرکار کی اسمیں بیل پتی ہے
ہے راہ وہاں کی بہتی سانگہر کہوری   پانی بھرتی پنہارن چورا چوری
لاکھوں پنہارن ایک وہاں پنہیارا   اس پنہاری نے سب بھر دی دہارا
جسنے پایا وہ پھیر جنم نہ ہارا   کہیں بنارسی اسکی گت اپرم پارا
وہ نہاوے جسکا بنتھہ ہوا اگھوری   پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

لاونی اختتام ہوئی
بہار غزلیات میں

غزل ظفر

دل و جاں دین و ایماں ہے جو لینا ہے تم لیلو
کرونگا عذر دینے میں نہیں ہے مجھکو قسم لیلو

ہمارا موںہہ کہاں لینے کے لیے انکی رضا مندی ہے
نہیں جبتک منہ سے کہہ ہاں اضی ہیں ہم لیلو

تم آئے عین گرمی میں نکلکر چشم سے اشکو
کوئی دم نخل مژگاں کے ذرا سایہ میں دم لیلو

ابھی ہیں اے عزیزوں گور کی منزل بہت باقی
جنازہ دوش پر میرا جو تم دو دو قدم لیلو

بھی ہاں ہے حضرت دل عشق کے بازار میں سودا
اگر لینے ہی ہے اسکے واسطے تم مول غم لیلو

روانہ عشق نے کی ساتھ میرے فوج اشکوں کی
اگر چلتے ہو تم لے نالہ ہای دل علم لیلو

نہیں ہے اعتبار انکا وہ کہکر ہیں مکر جاتے
نوشتہ انکی باتوں کے ظفر تم یک قلم لیلو

غزل عزیز

واہ واہ جوبن پہ تیرے کیا بہار ہے چھا گیا
دیکھکر تیری ادائیں میرے دل کو بھا گیا

عین مستی سے جب آنکھیں باغ میں دکھلا گیا
جسقدر نرگس کی کلیاں تھیں سبھی مرجھا گیا

عارض رنگیں پہ تیری یوں پسینہ آ گیا
یا کہ ہیں مہتاب کے اوپر گھٹائیں چھا گیا

حسن نے تیرے بہار میں کیا ہمیں کہلا گیا
ناز نے تیرے ادا کیا کیا ہمیں بتلا گیا

صورت مہتاب پہ اکثر گھٹائیں چھا گیا
پر نہیں چہرہ پہ تیرے دیکھیں چھا گیا

دیدۂ انصاف سے دیکھو تو وہ رشک چمن
بلبلوں پھولوں پہ غم کیوں ستقدر اترا گیا

گر کبھی دیکھیگا اس شمشاد قد کو سرو [illegible]
پھول جاویگا تو لینی باغ میں اکڑا گیا

بن تیری صورت کے دیکھے کب ملی ہمکو قرار
کیا ہوا جو پھر دیے صورتیں بہلا گیا

دیکھکر جوبن تیرا گلزار نے پائی بہار
پر ستم ہے بلبلوں پر تیرے استغنا گیا

ہے عزیز انداز تیرا جان و دل کیواسطے
آنکھیں اپنی جب چمن میں ناز سے دکھلا گیا

غزلیات تصنیف منشی کنور سین صاحب

غزل

رکھ سب کو شاد تو بھی ہنسی گزار دے
دل کو نہ رنج تو کبھی ای ہوشیار دے

آئینہ ضمیر میں کیوں تو غبار دے
کیوں تلخیوں ہر سنے اپنا قرار دے

دہیان ہے چند روز خوشی سے گزار دے
جس سے رہے تو یاد وہ شے یادگار دے

مت دلکو رنج تو کبھی ای شہسوار دے
ایک دن جواب زندگی مستعار دے

ہے زیست مستعار گل مہر او وفا
بو اس چمن میں رنج کا دلمیں نہ خار دے

ہے ایک رات دن تیرا اس دہر میں مقام
سمجھے نہ چشم ماہ میں ای خاکسار دے

ظالم خدا کو مان نکر ظلم کا خیال
مظلوم آہ کا نہ کوئی تیر مار دے

آیا ہے تو شراب محبت سے مست ہو
ایسا نہ ہو کہ یاں اسے ترشی اتار دے

نخل مراد فیض کے پانی سے ہو ہرا
میٹھی زباں سے بول نہ ترشی کو بار دے

سچ ہے کلام ذوق سنا تا ہی یہ عزیز
اور اسکو اپنے دلمیں جگہ ای نگار دے

اس جبر پہ تو ذوق بشر کا یہ حال ہے
کیا جانئے کیا کرے جو خدا اختیار دے

غزل

ہیں مزے موسم برسات کے دلدار کے ساتھ
بوئے گل خوش ہے مگر یار وفادار کے ساتھ

زندگانی کی حلاوت تو ہے گلزار کے ساتھ
لطف گلزار جب آتا ہے کہ ہو یار کے ساتھ

جبکہ گلشن میں نہو گلشن رخسار کے ساتھ
ٹکریں مارے وہاں کیا در و دیوار کے ساتھ

جا نہ دو چار قدم بھی کبھی اغیار کے ساتھ
بیٹھ دم بھر بھی نہ تو یار آزار کے ساتھ

حال دل اسکو سنا جو کہ سنے پیار کے ساتھ
قصۂ غم کا بیان کر کسی غمخوار کے ساتھ

زندگانی سے ہے مقصود اطاعت تیری
دل رہے شام و سحر صاحب الفت کے ساتھ

تیرے بندوں سے ایک بندہ مسکین عزیز
لطف کر عرض ہے یہ داور داور کے ساتھ

غزل

میرا داماں چڑھا جب سے جاناں کے ہاتھ
جان دامن میں پھنسی دل ہوا داماں کے ہاتھ

ہے لباس آج میرا اُس ستاباں کے ہاتھ
ساری پوشاک پڑی مہر درخشاں کے ہاتھ

دامن جاں ہے میرا میرے نگہباں کے ہاتھ
آبرو ہے میری اُس شوخ ذی شان کے ہاتھ

دل ہے داماں میں دامن ہے میری جان کے ہاتھ
دامن دل ہے میرا شوخ خوش الحان کے ہاتھ

تو نے دامن کو لگایا جو یہاں آن کے ہاتھ
دل لیا صبر لیا پست ہوے اوسان کے ہاتھ

میری پوشاک عنایت سے عطا ہو مجھکو
دیکھ تو کانپتے ہیں عاشق حیران کے ہاتھ

دونو عالم میں عزیز ہمکو کرینگے خوشحال
آبرو ہے میری اب یاں سری بھگوان کے ہاتھ

غزل

ہمارا کعبہ دل تیرا آستانہ ہوا
جہاں میں اک تو ہی صاحب یگانہ ہوا

نگاہِ ناز ادہر لطف دوستانہ ہوا
نثار اُسپہ یہ دل میرا خادمانہ ہوا

خدنگ ناز تیرا چشم سے روانہ ہوا
نکل کے چشم سے دل اُسکا جب نشانہ ہوا

تمہاری حسن کا محفل میں جب فسانہ ہوا
تو جان عاشق بیدل کا وہ ترانہ ہوا

ہزار شکر خدا پھر تمہارا آنا ہوا
تیرے جمال سے روشن غریب خانہ ہوا

میرا نہ طالع بیدار پہ ہوں ایسا نازاں
شفیق تجھسا مجھے دلبر زمانہ ہوا

تیری نگاہ تبسم سے لے گل خوبی
یہ کھل کے گلشن دل جوں چراغ خانہ ہوا

عزیز سر پہ ہمارے ہیں دین دنیا میں
تمہاری مہر محبت کا شامیانہ ہوا

غزل ذوق

کسی بیکس کو ای بیداد گر مارا تو کیا مارا
جو آپ ہی مر رہا ہو اُسکو گر مارا تو کیا مارا

نہ مارا آپ کو جو خاک ہو اکسیر بن جاتا
اگر پارہ کو ای اکسیر گر مارا تو کیا مارا

خطا تو دل کی تھی قابل بہت سی مار کھانیکے
تری زلفوں نے مشکیں باندھ کر مارا تو کیا مارا

نہیں وہ قول کا سچا ہمیشہ قول دے دیکر
جو اُس نے ہاتھ میرے ہاتھ پر مارا تو کیا مارا

ہنسی کیساتھ یاں رونا ہی مثل قلقل مینا
کسی نے قہقہا ای بیخبر مارا تو کیا مارا

دل بدخواہ میں تھا مارنا یا چشم بدبیں کا
فلک پر ذوق تیر آہ گر مارا تو کیا مارا

غزل دیگر

پھینک دے مجھکو نہ قاتل سمجھے یوں مر کے
قابل دفن مجھے ہیں بلبل دلگیر کے پر

اے مصور وہ کہاں صنعت نقاش ازل
دیکھے ہی ہیں ہر طاہر تصویر کے پر

جب مقدر پہ اُلٹا ہے پیچ ہی یارو
آگے تقدیر کے ہی جھلتے ہیں تدبیر کے پر

جن پہ وصفیں یہ کبوتر کے بندھا تھا نامہ
جھڑ گئے ہاتھ وہ اُس قاتل بے پیر کے پر

تیغ زیبا تو ہے قاتل کمر نازک پر
خوف آتا ہے مجھے بوجھ سے شمشیر کے پر

حال وحشت کا لکھا جاے جو بھی اُسکو ظفر
جای قرطاس ہوں پروانہ دلگیر کے پر

غزل دیگر

کچھہ نہ بولے حال سنکر وہ دل دلگیر کا
یوں رہے لب بند گویا تھا دہن تصویر کا

موت آ جائے یا کہ ہو وصل اُس بت بے پیر کا
ہو چکی ہونا ہی جو کچھ اب میری تقدیر کا

کس بلا کے ہیں چلے جانے تیر مژگان یار کے
سو ہی سی بھی ہیں لیکن کام دیتی ہیں تیر کا

یوں ہی سر پھوڑونگا دیوار سے سودے کے ابتدا
جبتلک ہوگا نہ مجکو سلسلہ زنجیر کا

اس بھروسہ پر پیا کرتا ہوں ناصح میں شراب
تو بہ پرسش جائیگا سارا گنہ تقصیر کا

ابتو سب کچھ چھوڑ بیٹھے ہا لک تقدیر پر
جستجوے وصل سے منہ پھر گیا تدبیر کا

کہا یا ایام مصیبت سے نہ پلٹا ای شریر
کچھ اثر دیکھا نہ ہمنے نالۂ شبگیر کا

غزل دیگر

نہ دل بستی میں لگتا ہے نہ خوش آتا ہے ویرانا
خدا جانے کریگا کیا او کیا کیا دلکا گھبرانا

چھپانا سے کبھی یادوں میں مجکو گاہ دکھلانا
تمہیں بھی خوب آتا ہے غرض آتش کا سلگانا

کہاں مجنوں کہاں فرہاد تھا ایک ہی وہ افسانہ
بشر بھی اٹھ گئی ملت کا جنسے یارانا

او لجھنا آپکا اب ہو گیا دشوار سلجھانا
غضب کے منتوں پر بھی چلا جاتا ہے جھنجلانا

شریر اٹھو چلو بہلاؤ دل اب ور یا نو نہیں
وگرنہ تمکو لے بیٹھیگا یہ ہر دم غم کا کھانا

غزل دیگر

رونے سے جوش گریاں نکل گیا
اچھا ہوا کہ اشک کا طوفان نکل گیا

لے واسطے کیا وہ پری رو جدا ہوا
قبضہ سے اپنے ملک سلیمان نکل گیا

احوال جسنے میرا سنا ہائے وہ بشر
وحشت سے کرکے چاک گریبان نکل گیا

بیجے سوال بوسہ کیا کیا قصور
گر منہ سے آشنا سر سجان نکل گیا

خانہ خراب ہو کے ترے عشق میں شریر
آخر کو گھر سے سوے بیابان نکل گیا

غزل نسیم

گر ہمنے دل صنم کو دیا پھر کسیکو کیا
اسلام چھوڑ کفر لیا پھر کسیکو کیا

ہمنے تو اپنا آپ گریبان کیا ہے چاک
اپنی سیا سیا نہ سیا پھر کسیکو کیا

اپنی تو زندگی ہے میاں مثل حباب ہے
گو خضر لاکھ برس جیا پھر کسیکو کیا

آنکھیں تمہاری لال صنم کچھہ نشہ پیا
آ ہی پیا پیا نہ پیا پھر کسیکو کیا

دنیا میں ہمنے بہلا یا برا نسیم
جو کچھہ کیا سو ہمنے کیا پھر کسیکو کیا

غزل مومن

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی
تلافی کی جو ظالم نے تو کیا کی

نہ کچھہ پیری چلی باد صبا کی
بگڑنے میں بھی زلف اسکی بنا کی

رہی سرگشتگی باد فنا کی
بگولا بنکے خاک اپنی اڑا کی

وصال یار سے دونا ہوا عشق
مرض بڑہتا گیا جوں جوں دوا کی

وہ سوتے بے حجابانہ رہے ساتہ
نگاہ شوق کام اپنا کیا کی

ابھی اس راہ سے کوئی گیا ہے
کہے دیتی ہے شوخی نقش پا کی

کہیں کیا کس طرح گذری شب وصل
گہٹا کی رات اور حسرت بڑہا کی

کسی نے گر کہا مرتا ہے مومن
کہا میں کیا کروں مرضی خدا کی

غزل

کیا کماں ابرو نے ایک تیر نظارا مارا
جسکے لگتے ہی جگر ہو گیا پارا پارا

کیا سمجھہ اور نہ تہا بستی سے جنگل ہی کا
مرغ دل تونے جو صیاد ہمارا مارا

رات تنہائی میں آتا تہا تصور تیرا
ذکر تیرا ہی کیا آہ کا نعرہ مارا

ہمنے پھینکی تھی کلی اسکی طرف لالہ کی / اُس نے شوخی سے ہمیں پھول ہزارا مارا
بیچ دنیا کے لئے کچھ نہ سکندر نے کیا / آپکے روز جیا کس لئے دارا مارا

غزل

کہو بلبل سے لیجاوے چمن سے آشیاں اپنا / پڑھے گر صد ہزار افسوں ہو گا باغباں اپنا
اُٹھا کر لیچلی بلبل چمن سے آشیاں اپنا / کہا گل سے کہ لے ای بیوفا ہے یہ مکاں اپنا
ہوئی جب باغ سے رخصت رو دیا تھا روقسمت / لکھا تھا یوں کہ فصل گل میں چھوڑا آشیاں اپنا
ارے صیاد یوں چاہا تو بھی اور جاں سے خاطر تو / ولیکن طوق قمری کی طرح کرکے نشاں اپنا
مگر دل سے بیار رکھنا علی گو ہر پیار کچھ / وہ حکم شاہ رکھتا ہے ولی تھا مہرباں اپنا

غزل

عدم سے جانب ہستی تلاش یار میں آئے / ہوا سے گل میں ہیں ہم کس واہی پر خار میں آئے
اگر بخشے زہے رحمت نہ بخشے تو شکایت کیا / بتسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے
نہ پوچھو اہل محفل سے دیوانوں کی بیتابی / یہاں مجمع سنایاں ہے تلاش یار میں آئے
اشارا ہے یہی اُنکی لب شیریں کے خال کا / ملانے کو نمک ہم شربت دیدار میں آئے
خریداروں میں عاشق انکو نہ لکھو ہلکے / تماشا ہے وہ یوسف انکی بازار میں آئے

بجا کرتے ہیں نحو احتمال صدق و کذب آتش
بہت سے مختلف احوال ہی اخبار میں آئے

تمت

فہرست کتب موجودہ دکان نراین داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی

شرح انتخاب دیوان ذوق

جو اردو زباندانی کے لیئے نہایت ہی کارآمد ہے۔ اسمیں دیوان ذوق کی غزلیات و رباعیات اور مثنوی کے ۔ ۵۰ اشعار اور مثنوی گلزار نسیم کے ۵۴ مشکل اشعار کی فرداً فرداً نہایت عمدہ شرح لکھی ہے۔ یہ کتاب ایسا جزو کی ہے اگر پسند نہو محصول چھوڑکر اور کتاب بدل لو

دیوان فیضی

یہ اُس اُستاد زمانہ کا دیوان ہے جو اپنا نظیر نہیں رکھتا یہ وہی فیضی ابوالفضل کا بھائی ہے جس سے سلطنت اکبرشاہ کو زینت تھی اسکے نظم و نثر کی کیفیت نازک خیالی۔ عالی دماغی اظہر من الشمس ہے دیوان کے تمام اشعار درج ہیں آخر میں مثنوی تواریخ مقطعات وغیرہ درج ہیں۔

دیوان نشاط افزا

اسمیں ہندوستان کی نامی گرامی طوائفوں پردہ نشین عورتوں کی نازانداز سے بھری شوخ چلبلی پھڑکتی ہوئی غزلیں ٹھمریاں۔ دوہے اور بیان علم راگ و اصطلاحات نغم وغیرہ درج ہیں غضب کا خیال ہے آفت کی چال ڈھال ہے شوخی و رنگینی ادا کا نیا ہی رنگ ہے۔ ہر ترکیب کا اور ہی ڈھنگ ہے

مرقع سلاطین

اس نایاب کتاب میں خاندان تیموریہ کی تصویریں اور تمام بادشاہان یورپ کی تصویریں مع حالات بقید سنہ و تاریخ درج ہیں۔ اسکے بعد تمام پرانی عمارتوں کے نقشے مع تاریخ بنا اور بنانے والے کا مع عرض و طول لکھا ہے

سوانح دہلی

اسمیں تمام سانحات ماضی حال کو از ابتدائے آبادی دہلی تا بہادر شاہ بادشاہ بیان کیا ہے جو اس سرزمین پر سیقدر راجاؤں نوابوں بادشاہوں نے حکومت کی اسکو بقید سنہ لکھا ہے آخر میں تمام نادر دلی کے حالات اور دہلی کی حالت کو بیان کیا ہے۔

قصہ گل ہرمز

یہ ایک نہایت دلچسپ عمدہ قصہ قابل دیکھنے کے ہے قیمت ۱ر

مثنوی میر حسن	۲ر	اندرسبھا مداری لال	۱ر
باغ و بہار	۴ر	اندرسبھا امانت دو	۱۰ر
آرائش محفل	۴ر	مداری لال	
داستان امیر حمزہ	۱۴ر	مثنوی گل نوبہار	۱ر
گلشن جانفزا	۸ر	مثنوی نسیم	۰ر
قصہ گلفام	۱ر	مثنوی وامق و عذرا	۲ر
قصہ ماہی گیر	۰ر	مثنوی دلسوز	۰ر
مثنوی گلزار نسیم	۱ر	مثنوی عالم	۴ر
گل بکاؤلی	۴ر	عاشق سبھا باتصویر	۰ر
طوطا کہانی	۴ر	تماشائے نچکان	۴ر
چھبیلی بھٹیاری	۱ر	شکوہ محبت	۳ر
قصہ لال و گوہر	۱ر	مثنوی مجموعہ قصائد	۳ر
نورتن باتصویر	۵ر	قصہ شاہ روم باتصویر	۰ر
پدماوت اردو	۳ر	سپاہی زادہ	۰ر
شاہنامہ باتصویر	۵ر	بہرام گور	۰ر
بیتال پچیسی	۲ر	قصہ صورت لولہ	۲ر
سنگھاسن بتیسی	۲ر	نقل مجلس باتصویر	۲ر
اندرسبھا امانت	۳ر	نقل محفل	۱ر